۞ **18 مئی:** جامعہ بلتستان الاسلامیہ شگر میں "سیرتِ اسلاف" کے عنوان سے یک روزہ کانفرنس ہوئی، جس میں جامعہ دارالعلوم بلتستان سے مولانا ابراہیم خان، مولانا محمد اسماعیل، مولانا ثناء اللہ عبدالرحیم، مولانا عبداللہ ثنائی اور راقم نے خطاب کیا۔

۞ **27—30 مئی:** مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے مرکزی اور صوبائی قائدین کی ٹیم امیر محترم علامہ پروفیسر ساجد میر حفظہ اللہ کی قیادت میں تبلیغی دورے پر آئی۔ ممتاز قائدین نے مرکز اسلامی سکردو، کلیۃ الحدیث الشریف جامعہ دارالعلوم بلتستان غواڑی، مسجد امام رضا گوواڑی اور کلیۃ الدراسات الاسلامیہ للبنات میں طلباء وطالبات اور عوام سے خطاب کیا۔ بلغار میں "عظمت اسلام کانفرنس" اور یوگو میں "عظمت قرآن کانفرنس" سے بھی خطاب کیا۔ دورے کی تفصیلات اور تقاریر کے خلاصے شامل اشاعت ہیں۔

۞ **3—8 جون:** جامعہ دارالعلوم بلتستان غواڑی میں علماء اور اساتذہ کا چھ روزہ تربیتی ورکشاپ منعقد ہوا، جس میں ملکی سطح کے چیدہ چیدہ علماء کرام نے کلیۃ الحدیث الشریف للبنین اور کلیۃ الدراسات الاسلامیۃ للبنات میں جامعہ اور برانچ مدارس کے تدریسی اور دعوتی سٹاف کو مفید لیکچر دیے۔ اکثر لیکچروں کا خلاصہ شامل اشاعت ہذا ہے۔

مرکزی قائدین اور تربیتی ورکشاپ کے ساتھ مصروفیت کی وجہ سے مجلہ التراث کا شمارہ 50 بروقت شائع نہ ہوسکا اور اب "دیر آید درست آید" کے مصداق 50,51 دونوں شمارے اکٹھے پیش خدمت ہیں۔

۞ **9 جون:** وفاق المدارس السلفیۃ کا امتحان شروع ہوا۔ تسلی بخش نگرانی کے نتیجے میں امید ہے کہ امیدواروں کو اپنی محنت کا ثمر ملے گا اور بلا تفریق پرچے کینسل ہونے کی تلوار اٹھ جائے گی۔

۞ **10 جون:** مؤسسۃ الفرقان الخیریۃ پشاور سے مولانا سلیم اللہ عبدالباقی مدیر قسم الایتام کی قیادت میں مدیر قسم المساجد مولانا عبدالقیوم باجوہ اور عرفان اللہ صاحبان تشریف لائے۔

۞ **18—30 جون:** رابطۃ الطلاب البلتستانیین مدینہ یونیورسٹی کے زیر انتظام مرکز اسلامی سکردو، نصرۃ الاسلام کریس، گورنمنٹ ہائی سکول بلغار، شگر، جامع مسجد اہل حدیث یوگو اور غواڑی میں سوالات وجوابات کی نشستیں منعقد ہوئیں۔ جن میں حاضرین نے عقائد، عبادات اور فقہی مسائل سے متعلق سوالوں کے جواب وصول کیے۔

۞۞۞۞